28-11-07 1395

رجسٹریشن نمبر

28.11.07

28-11-07

28-11-07

# بعدالت جناب سینئر سول جج صاحب جہلم

| | | |
|---|---|---|
| محمد شریف ولد محمد یعقوب<br>قوم مغل ساکن بیگا پور<br>تحصیل وضلع جہلم<br>مدعی | بنام | صفورہ بی بی دختر محمد یعقوب زوجہ عبدالرحیم<br>قوم مغل ساکن سنگھوئی<br>تحصیل وضلع جہلم<br>مدعا علیہا |

No- 86 / 28-11-07

دعویٰ استقرار حق بدیں مضمون کہ مدعی کے والد نے کوئی ہبہ نمبری 170 مورخہ 9-7-65 بابت دو مکانات نمبر 1 تعدادی 9 مرلہ ایک سرساہی مشتمل بر دو کوٹھڑیاں ایک صفہ و ایک کمرہ و صحن محدود بحدود ذیل شمال مکان محمد حسین جنوب مکانات محمد حسین مشرق جائے سفیدہ ملکیتی عبداللہ مغرب مکان امام دین مکان نمبر 2 تعدادی 6 مرلہ مشتمل بر ایک کوٹھہ و صحن محدود بحدود ذیل شمال گلی و مکان فتح محمد جنوب مکانات عبداللہ مشرق مکان میاں عبداللہ زیر قبضہ مدعی مغرب مکانات محمد حسین و گلی مکانات واقع آبادی بیگا پور تحصیل و ضلع جہلم کو بحق مدعا علیہا ہبہ کیا ہے اور مذکورہ ہبہ نامہ خلاف قانون دھوکہ دہی اور فراڈ اور فریب کا نتیجہ ہے اور مدعی کے حقوق بطور مالک مکانات جدید تعمیر شدہ پر کالعدم اور غیر موثر ہے۔ ڈگری منسوخی ہبہ مذکور بحق مدعی

"جاری فرمائی جاوے"

جناب عالی:- گذارش مدعی حسب ذیل ہے۔

1:- یہ کہ مدعی بیگا پور تحصیل و ضلع جہلم کا مستقل رہائشی و سکونتی ہے اور مدعی کی رہائش مکانات مندرجہ عنوان عرضی دعویٰ میں اپنے ہوش سنبھالنے کے وقت سے ہے۔

نمبر 2:۔ یہ کہ مکانات مندرجہ عنوان عرضی دعویٰ بوسیدہ اور خراب حالت میں تھے جس میں والد مدعی ہمراہ مدعی و دیگران بہن بھائی رہائش پذیر رہے۔

نمبر 3:۔ یہ کہ مدعا علیہا مدعی کی بہن ہے جسکی شادی سال 1975ء کو ہوئی اور وہ اس وقت سے اپنے سسرال کے ہاں رہائش پذیر ہے۔

نمبر 4:۔ یہ کہ والد مدعی سال 1988ء کو فوت ہوئے اور بعد از وفات والد مدعی ہی مکانات مندرجہ عرضی دعویٰ کا بطور حصہ دار مالک بنا اور پھر مدعی نے پرانے مکانات گرا کر اسی جگہ پر زرکثیر خرچ کر کے مکانات دوبارہ تعمیر کئے اور آج تک ان میں ہمراہ بچوں کے بطور مالک رہائش پذیر ہے۔

نمبر 5:۔ یہ کہ والد مدعی نے کوئی ہبہ بابت مکانات مندرجہ عنوان عرضی دعویٰ بحق مدعا علیہا نہ کیا ہے اور نہ ہی کا دن پہلے تک مدعی کو اس کا علم تھا۔

نمبر 6:۔ یہ کہ اب خاندانی رنجش کی وجہ سے مدعا علیہا نے محکمہ مال سے سازباز کر کے آج سے 50 سال قبل کا جعلی، فرضی اور جھوٹا ہبہ نامہ درج رجسٹر کر دیا

FILE
Civil Judge Jhel.
28.11.07

نمبر 7:۔ یہ کہ ہبہ مذکورہ بوجوہات ذیل قابل منسوخی ہے۔

(i) یہ کہ کوئی ہبہ والد مدعی نے بحق مدعا علیہا نہ کیا ہے بلکہ محکمہ مال کے ساتھ ملی بھگت کر کے فراڈ کے ذریعہ مدعا علیہا نے بنایا ہے۔

(ii) یہ کہ مکانات مندرجہ عنوان عرضی دعویٰ کا آج تک قبضہ تبدیل نہ ہوا مدعا علیہا نے آج تک کبھی بھی مکانات پر قابض نہ رہی ہے۔

(iii) یہ کہ ہبہ نامہ مذکورہ ہبہ کی کوئی بھی قانونی و شرعی شرائط پوری نہ کرتا ہے اس ہبہ میں آج تک قبضہ تبدیل نہ ہوا ہے۔

نمبر 8:۔ یہ کہ ہر چند مدعا علیہا کو کہا گیا ہے کہ وہ ہبہ مذکور کی بنیاد پر اپنے آپ کو مکانات کا مالک ظاہر کرنے سے باز رہنے کو کہا اور جو ہبہ مذکور فراڈ اور دھوکہ دہی سے تیار و رجسٹر کروایا ہے۔ اُسے منسوخ کروائے مگر وہ ازخود ایسا کرنے سے انکاری ہے۔

9:۔ یہ کہ بنائے دعویٰ و بنائے مخاصمت کا یوم قبل پیدا ہوئی جب ہبہ مذکور کا علم مدعی کو ہوا۔

10:۔ یہ کہ رہائش فریقین و مکانات متدعویہ اندر حدود تحصیل و ضلع جہلم ہے لہذا عدالت حضور کو اختیار سماعت دعویٰ ہذا حاصل ہے۔

11:۔ یہ کہ مالیت کورٹ فیس بغرض اختیار سماعت مبلغ 500/- روپے مقرر کی جاتی ہے۔ جو کورٹ فیس سے مستثنیٰ ہے۔

لہذا بوجوہات بالا حالات استدعا ہے کہ دعویٰ مدعی حق مدعی برخلاف مدعا علیہا بمطابق عنوان و متن عرضی دعویٰ مصرحہ ڈگری فرما کر حق رسی کی جاوے نیز دیگر دادرسی جو قرین انصاف ہو دلائی جاوے

28-11-2007

العارض

محمد شریف ولد محمد یعقوب ساکن بیگ پور تحصیل و ضلع جہلم

مدعی

## تصدیق

مظہر حلفاً تصدیق کرتا ہے کہ عرضی دعویٰ کے تمام مندرجات میرے علم و یقین سے صحیح اور درست ہیں اور کوئی امر مخفی نہ رکھا گیا ہے جو کہ آج گیا ہے۔ تصدیق بمقام [illegible] 28/11/07

العبد

FILE

Civil Judge Jhelum
28.11.07

بذریعہ وکیل

Raja Shahid Mahmood
Advocate High Court
District Courts, Jhelum